# HIGHER SECONDARY SCHOOL EXAMINATION

## 2013 - 2014

## URDU SPECIAL

## Class XII درجہ

TIME : 3 Hours M.M. 100

**ہدایات :-**

(I) سبھی سوالات کے جواب تحریر کرنا ضروری ہے۔

(II) سوالات کے نمبرات کا لحاظ رکھتے ہوئے جواب لکھیں

(iii) جوابات لکھتے وقت املا اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں

(IV) "یا" کر کے دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا ہی جواب لکھیں

سوال نمبر1- صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے؟ 5

(الف) پاگل خانہ میں ایک ایسا پاگل تھا جو خود کو کہتا تھا

(i) فرشتہ

(II) شیطان

(III) خدا

(iv) وزیر اعظم

(ب) افسانوں کا مجموعہ "تماشہ گھر" کے مصنف ہیں۔

(I) کرشن چندر

(ii) اقبال مجید

(III) اختر الایمان

(IV) مرزا غالب

(ج) ابراہیم یوسف اور ہارون ایوب میں رشتہ تھا۔

(i) بھائی کا

(II) بیٹا کا

(III) ماموں کا

(iv) دوست کا

(د) پنڈت رتن ناتھ سرشار کا شاہکار ہے۔

(i) جامِ سرشار

(ii) سیرِ کہسار

(iii) کاشی

(iv) فسانۂ آزاد

(ہ) مخصوص اظہار کی شکل ہے۔

(i) صنفِ مکتوب نگاری

(ii) صنفِ افسانہ نگار

(iii) صنفِ ترجمہ نگاری

(iv) صنفِ ناول نگاری

سوال نمبر2۔ ایک لفظ یا ایک جملے میں جواب لکھئے؟ 5

(i) اردو میں ناول نگاری کی ابتدا کس کے ہاتھوں ہوئی؟

(ii) رام داس کی بہوئیں اپنے سسر کو کیا سمجھتی تھیں؟

(iii) کلیم اللہ کس پیغمبر کا لقب تھا؟

(iv) باغ و بہار کے جواب میں لکھی گئی کتاب کا نام لکھئے؟

(v) ہندوستان کی حکومت کے آخری مغل بادشاہ کا نام لکھئے؟

سوال نمبر3۔ مندرجہ ذیل مصرعوں کی خالی جگہ صحیح الفاظ سے پُر کیجئے۔ 5

(i) عمرِ دراز مانگ کر لائے تھے ............ دن۔

(ii) جیون ایک ............ پیارے کھول رکھی ہے پٹاری۔

(iii) ............ کے کاندھے پہ لاتی ہے صبا گنگا جل۔

(iv) غم کسی ............ میں کسی غم کو ستانا ہوگا۔

(v) مفلسی سب ............ کھوتی ہے۔

سوال نمبر4۔ صحیح رابطہ قائم کیجئے؟ 5

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | محاوروں کا لفظی ترجمہ | (i) | تعجب، گریز |
| (ii) | لاوارث، بے مثال | (ii) | لاجواب کرنا۔ حیران کرنا |
| (iii) | عبدالرحمان | (iii) | منہ پر چڑھی باتیں |
| (iv) | قائل کرنا | (iii) | سابقہ الفاظ |

(v) قصیدہ کے اجزاء      (v) حروف شمسی

سوال نمبر5– مندرجہ ذیل جملوں کے آگے صحیح یا غلط درج کر کے لکھئے؟ 5

(i) شکیلہ مدرسہ دراصل ایک یتیم خانہ تھا۔ ( )

(ii) مصنف کے مطابق سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں۔ ( )

(iii) دبے ہوئے شخص نے مرزا غالب کا شعر پڑھا۔ ( )

(iv) بھکتی تحریک کو اصل میں ویشنوی تحریک کہا جانے لگا۔ ( )

(v) کالج کے زمانے میں پروین شاکر نے روزنامہ جنگ میں مضامین لکھے۔ ( )

سوال نمبر6– ابوالکلام آزاد کے خطوط کے مجموعوں کے نام لکھئے۔ 2

یا

یورپ میں بخشش کن لوگوں کو دی جاتی ہے؟

سوال نمبر7– غالب نے لاٹھی میں کیا کیا چیزیں لٹکا کر سفر پر جانے کا ذکر کیا ہے؟ 2

یا

مصنف (مجتبیٰ حسین) کا دوست نئے سال کی مبارکباد دینے کب اور کہاں سے آیا؟

سوال نمبر8– لالی کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا تفصیل سے لکھیے؟ 4

یا

بانگوں کے تبادلے کے وقت کون کون سی مشکلیں پیش آ رہی تھیں وضاحت سے لکھیے؟

سوال نمبر9– مندرجہ ذیل اقتباس کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالات کے جوابات دیجئے۔ 4

(الف)

"جب دو قومیں ملتی ہیں تو دونوں میں تہذیبی لین دین ضروری ہوتا ہے اس لین دین کی نوعیت اور مقدار سے تہذیبی تعلقات کی نوعیت کا پتہ چلتا ہے لیکن بعض قومی رہنما تاریخی ارتقاء سے نظر بچا کر اسے اپنے ذاتی خواہشات کے سانچے میں ڈھالنا چاہتے ہیں۔ ایران کے آریا اور ہندوستان کے آریہ دو ہزار سال کے قریب ایک دوسرے سے الگ رہنے کے بعد پھر ایک دوسرے سے ملے تھے اور انھیں ایک دوسرے کو سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں مذہب یا تہذیب کی بنیاد پر کبھی آپس میں جھگڑے نہیں ہوئے۔"

سوالات:–

(i) بالا اقتباس کے مصنف اور سبق کا نام لکھئے۔

(ii) ان دو قوموں کے نام لکھئے جن میں آپس میں کبھی فساد نہیں ہوا اور فساد نہ ہونے کی وجہ بھی لکھئے؟

(iii) بالا اقتباس کو پڑھ کر سلیس اردو کیجئے۔

یا

(ب)

"ہر سال کی طرح ہم ان کے پچھلے سال کے غموں میں شریک ہو گئے تو انھوں نے دبی زبان میں التجا کی کہ پچھلے سال ان کے ساتھ جو کچھ ہوا ہے اس کی تلافی کے طور پر ہم نئے سال میں ان کے مکان کے کرایہ میں اضافہ کر دیں کیونکہ کرایہ میں اضافہ کے بعد بھینس اور ساس کے گزر جانے کا غم کچھ ہلکا ہو جاتا ہے۔ مالک مکان ہونے کا سب سے بڑا فائدہ ہمیں یہ نظر آیا کہ مکان کے کرایے میں اضافہ کر کے مالک مکان ہر قسم کے غم کو برداشت کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔"

سوالات:-

(I) بالا اقتباس کے مصنف اور سبق کا نام لکھیے۔ 1

(II) مکان مالک ہونے کا کیا فائدہ بتایا ہے۔ 1

(iii) بالا پیراگراف کو پڑھ کر آسان اردو کیجیے 2

سوال نمبر10- مندرجہ ذیل ادیب میں سے کسی ایک ادیب کی زندگی کے حالات لکھیے؟ 4

(I) سعادت حسن منٹو

(ii) سید احتشام حسین

(III) پنڈت رتن ناتھ سرشار

سوال نمبر11- مندرجہ ذیل اصناف میں سے کسی ایک صنف پر مختصر نوٹ لکھیے۔ 4

(I) مکتوب نگاری

(ii) افسانہ نگاری

(III) رپورتاژ

سوال نمبر12- مندرجہ ذیل اشعار میں سے کوئی ایک شعر کی تشریح شاعر کے نام کے ساتھ کیجیے۔ 2

(i) بارش ہوئی تو پھولوں کے تن چاک ہو گئے
موسم کے ہاتھ بھیگ کے سفاک ہو گئے

(II) لائق دید نظارا تھا
لاکھ نیزے تھے سر ہمارا تھا

(III) دلوں کو فکر دو عالم سے کر دیا آزاد
تیرے جنوں کا خدا سلسلہ دراز کرے

سوال نمبر13 درج ذیل شعرا میں سے کسی ایک شاعر کی خصوصیات کلام تحریر کیجیے؟ 4

(I) خواجہ الطاف حسین حالی

(II) اختر سعید خاں

(iii) محسن کاکوروی

سوال نمبر14- درج ذیل شعری اصناف میں سے کا ایک صنف پر مختصر جامع نوٹ لکھیے؟ (کوئی ایک) 4

(I) قصیدہ

(II) پیروڈی

(iii) نظم

سوال نمبر15- درج ذیل بند میں سے کوئی ایک بند کی تشریح شاعر کے نام اور عنوان کے ساتھ کیجیے؟ 4

(الف)

"ماں ہے ریشم کے کارخانے میں
باپ مصروف سوتی مل میں
کوکھ میں ماں کی جب سے نکلا ہے
بچہ کھولی کے کالے دل میں ہے
جب یہاں سے نکل کے جائے گا
کارخانوں کے کام آئے گا"

"یا"

(ب)

کبھی ڈوبی، کبھی اچھلی مہِ نو کی کشتی
بحر اخضر میں، تلاطم سے پڑی ہے ہلچل
قمریاں کہتی ہیں طوبیٰ سے مزاج عالی
لالہ باغ سے ہندوئے فلک نیم کسل
شب دیجور اندھیرے میں ظلمت کے نہاں
لیلیٰ محمل میں ہے ڈالے ہوئے منہ پہ آنچل

سوال نمبر16- شاعر خاموش کیوں ہے؟ 2

یا

میراجی کے مجموعوں کے نام لکھیے؟

سوال نمبر17-کون سی چیز شاعر کے سینے کا غبار کھوتی ہے؟ 2

یا

ہم عصیاں کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر18- بادل کس بات سے انجان ہیں؟ 2

یا

بہادر شاہ ظفر کے انتقال کے بعد ان کا دیوان کس نام سے شائع ہوا؟

سوال نمبر18-رام داس کے بیٹوں کا جھگڑا کس بات میں ہوا؟

یا

"کربل کتھا" کے مصنف کا نام لکھیے اور یہ کس کتاب کا ترجمہ ہے؟

سوال نمبر20-خضر نے گرتی دیوار کی مرمت کرنے کی کیا وجہ بتائی؟ 4

یا

اردو کی پہلی تصنیف سے متعلق محققین کی کیا رائے ہے؟

سوال نمبر21- ذیل صنعت میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال کے لکھیے؟ 4

(i) تجنیس تام

(ii) تجاہل عارفانہ

(iii) مجاز مرسل

سوال نمبر22- درج ذیل الفاظ میں کوئی پانچ الفاظ کے واحد کے جمع اور جمع کے واحد بنائیں۔ 5

اجسام۔ طرف۔ اہم۔ شخص۔ قبر۔ فوج۔ فنون۔ ممالک

یا

ذیل الفاظ میں سے کوئی پانچ الفاظ کے سابقے اور لاحقے الگ الگ کر لکھیے؟

شان دار۔ بدنام۔ دانش مند۔ زندہ باد۔ لاعلاج۔ بے جان۔ خوب صورت

سوال نمبر23- اپنے درجہ (کلاس) کا پنکھا ٹھیک کرانے کے لئے اپنے پرنسپل کو درخواست لکھیے؟ 5

یا

اپنے دوست یا سہیلی کو ایک خط لکھیے جس میں اس کو درجہ دس میں اچھے نمبر لانے پر مبارکباد دی گئی ہو؟

سوال نمبر24-درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے؟ 10

(i) کمپیوٹر کی کارگزاریاں

(ii) برسات کا خوشگوار موسم

(iii) پسندیدہ شاعر

(iv) ماحول کی آلودگی

(v) کھیلوں کی اہمیت

سوال نمبر25- درج ذیل غیر درسی عبارت کو پڑھئے اور نیچے پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے؟ 5

"وطن کی محبت انسانی زندگی کا اعلیٰ ترین مقصد ہے شہرت عام اور بقائے دوام اس مقصد کا لازمی نتیجہ ہے۔ وطن سے محبت رکھنے والے ایسے انعامات کی خواہش سے قطعاً بے نیاز ہوا کرتے ہیں اپنے پیارے وطن کی بہبود کے لئے ذاتی اغراض اور انفرادی فائدوں کو بے دریغ قربان کردیا کرتے ہیں وطن کی محبت وہ حلال نشہ ہے جس سے ہر چھوٹا بڑا سرشار رہتا ہے اور جان پر کھیل جاتا ہے۔ یہ وہ پاکیزہ جذبہ ہے جو قدرت کی طرف سے عطا ہوتا ہے۔"

**سوالات :-**

(i) انسان کی زندگی کا اہم مقصد کیا ہے؟

(ii) وطن سے محبت رکھنے والے کیا کیا قربان کردیتے ہیں؟

(iii) حب الوطنی کیسا نشہ ہے انسان اس میں ڈوب کر کیا کربیٹھتا ہے؟

(iv) وطن کی محبت کا جذبہ کس کی طرف سے عطا ہوتا ہے؟

(v) بالا عبارت کا مناسب عنوان لکھئے؟

☆☆☆

# MODEL ANSWER PAPER 2013 - 2014

## URDU SPECIAL

## Class XII درجہ

TIME : 3 Hours | M.M. 100

**ہدایات :-**

(i) سبھی سوالات کے جواب تحریر کرنا ضروری ہے۔

(ii) سوالات کے نمبرات کا لحاظ رکھتے ہوئے جواب لکھیں

(iii) جوابات لکھتے وقت املا اور خوش خطی کا خاص خیال رکھیں

(iv) "یا" کر کے دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک کا ہی جواب لکھیں

جواب نمبر1- صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے؟

(الف) (iii) خدا 1

(ب) (ii) اقبال مجید 1

(ج) (ii) چچا کا 1

(د) (iv) فسانۂ آزاد 1

(ہ) (i) صنف مکتوب نگاری 1

جواب نمبر2- ایک لفظ یا ایک جملے میں جواب لکھیے؟

(i) مولوی نذیر احمد 1

(ii) شیخی اور بے وقوف 1

(iii) سوئی کا 1

(iv) فسانۂ عجائب 1

(v) بہادر شاہ ظفر 1

جواب نمبر3- مندرجہ ذیل جملوں کی خالی جگہ صحیح الفاظ سے پُر کیجیے۔

(i) چار 1

(ii) ہماری 1

(iii) برق 1

(iv) دل 1

(v) بہار 1

جواب نمبر 4– صحیح رابطہ

| | | |
|---|---|---|
| (i) | منہ پر چڑھی باتیں | 1 |
| (ii) | سابقہ الفاظ | 1 |
| (iii) | حروف شمسی | 1 |
| (iv) | لاجواب کرنا۔ حیران کرنا | 1 |
| (v) | تعصب، گریز | 1 |

جواب نمبر 5– صحیح یا غلط

| | | |
|---|---|---|
| (i) | (صحیح) | 1 |
| (ii) | (غلط) | 1 |
| (iii) | (صحیح) | 1 |
| (iv) | (غلط) | 1 |
| (v) | (صحیح) | 1 |

جواب نمبر 6– 2

- غبار خاطر
- کاروان خیال
- مکاتیب ابوالکلام آزاد

یا

غریب محتاج کو کام کرنے پر محنتانے کی شکل میں دی جاتی ہے۔

جواب نمبر 7– غالب نے لاٹھی میں ٹین کا لوٹا یعنی دعا کے یعنی سوت کی رسی اور ملازم بھی یعنی مختلف رنگوں سے بنی سوت کی ڈوری لٹکا کر سفر پر جانے کا ذکر کیا ہے۔

یا

مجتبیٰ حسین یعنی مصنف کا دوست نئے سال کی مبارکباد دینے ممبئی سے جنوری کے مہینے میں اپنے بچوں کے ساتھ مصنف کے یہاں آیا۔

جواب نمبر 8– 4

سنگھ مدرسے میں ایک لڑکی جو تقریباً چار یا پانچ سال کی تھی اس کا نام لالی تھا ایک دن صبح سے ہی لالی غائب تھی مدرسے کے لڑکوں نے ہر جگہ لالی کو تلاش کیا پر لالی نہیں ملی آخرکار کچھ لوگ جنگل میں ڈھونڈنے گئے وہاں لالی کا سر خون میں لت پت ملا اس کو رات میں تیندوا اٹھا کر لے گیا تھا۔ اور اس کو کھا گیا تھا۔

یا

لاہور کے پاگل خانے سے ہندو سکھ پاگلوں کا ہندوستان میں تبادلہ کیا جارہا تھا اس وقت ان پاگلوں کو پولس کی لاریوں میں بٹھانا اور پھر ایک دوسرے کے حوالے کرنے کے لئے نکالنا بہت مشکل ہو رہا تھا پاگل ادھر اُدھر بھاگ اُٹھتے تھے۔ کپڑے پہنانے پر کپڑے پھاڑ دیتے تھے گالیاں بکتے تھے کوئی گا رہا تھا کوئی رو رہا تھا غرض بہت شوروغل تھا۔

جواب نمبر9—اقتباس کے جوابات 4

(الف)

جب دو قومیں..............................جھگڑے نہیں ہوئے

(i) مصنف۔ سید احتشام حسین 1

سبق۔ ہندوستانی تہذیب کے عناصر

(ii) ایران اور ہندوستان کے آریہ جن میں مذہب اور تہذیب کی بنا پر کبھی آپس میں جھگڑا نہیں ہوا۔ 1

(iii) سلیس اردو مشکل الفاظ کے معنی کے ساتھ کرنے پر 2 نمبر دیے جائیں۔ 2

نوٹ:- اوپر کے دو سوالات کے جوابات دینے پر ایک ایک نمبر دیا جائے۔

یا

(ب)

ہر سال کی طرح..............................فاضل ہو جاتا ہے۔

نوٹ:- سوالات کے جوابات دینے پر نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے گی۔

پہلے اور دوسرے سوال حل کرنے پر ایک ایک نمبر دیا جائے اور سلیس اردو کرنے پر دو (2) دیا جائے۔

(i) سبق کا نام "مجھے اے حضور ہم دور سے پہچان لیتے ہیں"

مصنف کا نام - مجتبیٰ حسین

(ii) مالک مکان کا کرایہ بڑھا دے جب جب اس کو ضرورت محسوس ہو۔ کرایہ بڑھانے سے اس کا غم ہلکا ہو جاتا ہے۔

(iii) سلیس اردو کرنے پر اوپر بتائے گئے طریقے سے نمبرات دیے جائیں۔

جواب نمبر10—سوانح حیات 4

نوٹ:- مصنف کی سوانح حیات لکھنے پر نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے گی۔

- پورا نام پیدائش کی جگہ سن اور وفات پر — 1 نمبر
- تعلیم و تربیت و ملازمت پر — 1 نمبر
- ادبی خدمات اور تصانیف وغیرہ پر — 1 نمبر

- طرزِ تحریر کی خصوصیات اور اگر اعزاز وغیرہ ملا ہو تو　　　1 نمبر

(I) **سعادت حسن منٹو:-**

1912 میں ضلع لدھیانہ پنجاب میں پیدا ہوئے۔ کشمیری خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ ابتدائی تعلیم امرتسر میں ہوئی اور اعلیٰ تعلیم علی گڑھ سے حاصل کی۔ اخبار "مساوات" اور "مصور" کے مدیر رہے۔ آل انڈیا ریڈیو اور فلموں کے لئے لکھنے لگے نیا قانون "سیاہ حاشیے" "تماشا" "ٹوبہ ٹیک سنگھ" ان کے مشہور افسانے ہیں۔ افسانوں کے مجموعے "شکاری عورتیں" "یزید" "ٹھنڈا گوشت" "نمرود کی خدائی" - "دھواں" وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ منٹو کی وفات 1955 میں ہوئی۔

(ii) **سید احتشام حسین**

ولادت: 1912ء　　　وفات: 1972ء

سید احتشام حسین اعظم گڑھ کے ایک گاؤں "ماہل" میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اعظم گڑھ اور الہ آباد یونیورسٹی سے ایم اے کیا۔ 1938ء میں لکھنؤ یونیورسٹی کے شعبۂ اردو کے استاد اور 1961ء میں الہ آباد یونیورسٹی میں اردو کے پروفیسر مقرر ہوئے۔ امریکا اور انگلستان کا سفر کیا۔ الہ آباد میں انتقال ہوا۔ ان کی تصانیف میں افسانوں کے مجموعے "ویرانے" "سفرنامہ" "ساحل اور سمندر" "ہندوستانی لسانیات کا خاکہ" "اردو ادب کی تاریخ" وغیرہ مشہور ہیں۔ احتشام حسین کا اصل میدان تنقید ہے۔ وہ ترقی پسند تحریک سے وابستہ رہے ان کی تنقیدی تحریروں انھوں نے اشتراکیت کے نظریے کے ذریعے ادب اور زندگی کے مسائل کو سمجھانے کی کوشش کی ہے۔

(III) **پنڈت رتن ناتھ سرشار**

پنڈت رتن ناتھ سرشار کشمیری پنڈت تھے۔ لکھنؤ میں 1847ء میں پیدا ہوئے۔ فارسی عربی کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد کیننگ کالج سے حاصل کی۔ کچھ دن معلمی اور ہائی کورٹ میں ملازمت کی پھر منشی نول کشور کے اخبار "اودھ" کی ادارت کی۔ ان تصانیف "فسانۂ آزاد" "جام سرشار" "سیر کہسار" اور "خدائی فوجدار" مشہور ہیں۔ وسعت زبان روزمرہ محاورہ اور گفتگو پر انھیں قدرت حاصل تھی ان کی کتاب "فسانۂ آزاد" میں لکھنؤ کی زوال پذیر معاشرت اور تہذیب و تمدن کی جیتی جاگتی تصویریں ملتی ہیں۔ 1855ء میں حیدرآباد میں ان کی وفات ہوئی۔

جواب نمبر 11　　نثری اصناف پر نوٹ (کوئی ایک)　　4

(I) **مکتوب نگاری**

اردو نثر کی ایک صنف مکتوب یعنی خطوط نگاری بھی ہے جو شخصی اظہار کی ایک شکل ہے۔ اچھے خطوط ادب پاروں کے طور پر پڑھے جاتے ہیں۔ مکتوب نگاری تحریر میں کشش ہو تو خط پڑھنے والے کے لئے دلچسپ ہو سکتا

ہے۔ اردو نثر کی روایت میں غالب، شبلی، مہدی افادی، رشید احمد صدیقی، ابوالکلام آزاد وغیرہ کے خطوط نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔

(II) "افسانہ نگاری"

افسانہ ایک نثری صنف ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھا یا سنا جاتا ہے۔ افسانہ میں زندگی کی سچائیوں کا بیان ہوتا ہے جسے افسانہ نگار تجربات اور مشاہدات کی روشنی میں انسانی نفسیات کو کردار کے ذریعے پیش کرتا ہے۔ افسانے میں کسی ایک ہی خیال ایک ہی واقعہ، ایک ہی تجربہ یا تاثر کو پیش کیا جاتا ہے افسانہ کا باقاعدہ آغاز بیسویں صدی کے ابتدا میں ہوا۔ اردو کے افسانہ نگاروں میں منشی پریم چند، علی عباس حسینی، سعادت حسن منٹو، حیات اللہ انصاری، عصمت چغتائی، راجندر سنگھ بیدی، کرشن چندر، قرۃ العین حیدر، جیلانی بانو وغیرہ اہم ہیں۔

(III) رپورتاژ

رپورتاژ کو انگریزی میں Reportage کہتے ہیں رپورٹ کے لغوی معنی روداد یا خبر کے ہیں رپورتاژ کی حیثیت ایک ادبی صنف کی ہے۔ اس میں کسی تقریب یا ادبی کانفرنس یا ناکرے یا جلسے کی کارروائی کی روداد بیان کی جاتی ہے رپورتاژ لکھنے والے کے لیے ضروری ہے کہ وہ تخلیقی مزاج بھی رکھتا ہو۔ رپورتاژ میں اسلوب بیان کی خاص اہمیت ہے۔ ادبی صنف کے اعتبار سے رپورتاژ کو تاثر روداد کا نام دیا جاتا ہے۔

جواب نمبر 12-اشعار کی تشریح 2

نوٹ:۔شعر کی تشریح شاعر کے نام کے حوالے سے کی جائے صرف ایک شعر کی تشریح پر نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے۔

شاعر کے نام حوالے پر - آدھا 1/2 نمبر

شعر کی تشریح کرنے پر - ڈیڑھ 1 1/2 نمبر

(I) پروین شاکر

(II) ظفر علی

(iii) حسرت موہانی

نوٹ: طلبا اپنی صلاحیت سے شعر کی تشریح کریں گے مناسب ہونے پر نمبر دیے جائیں

جواب نمبر 13-شاعر کی شاعرانہ خصوصیات (کوئی ایک) 4

نوٹ:۔سوانح حیات لکھنے پر نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے۔

نام پیدائش جگہ سن اور وفات پر 1 نمبر

تعلیم و تربیت و ملازمت پر 1 نمبر

محاسن کلام و تصانیف پر 2 نمبر

(i) **خواجہ الطاف حسین حالی**

الطاف حسین حالی 1837ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔ ان کی ابتدائی تعلیم پانی پت میں ہوئی۔ حالی کو غالب اور نواب مصطفی خان شیفتہ اور سرسید کی صحبت حاصل ہوئی۔ حالی نے محمد حسین آزاد کے ساتھ مل کر جدید شاعری کی بنیاد ڈالی۔ وہ ایک سوانح نگار اور صاحب طرز انشاء پرداز ہیں۔ نثر میں ان کی چار اہم کتابیں: حیات سعدی، مقدمہ شعر و شاعری، حیات جاوید اور یادگار غالب مشہور ہیں۔ حالی کی ایک طویل نظم مسدس مدوجزر اسلام ہے انھوں نے نصیحت آمیز نظمیں لکھیں۔ ان کے کلام میں سادگی درد مندی اور جذبات کی پاکیزگی پائی جاتی ہے۔

(ii) **اختر سعید خان**

اختر سعید خاں 1923ء میں بھوپال میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم رائسین سے میٹرک پنجاب یونیورسٹی سے بی اے، لاہور کالج سے اور ایل ایل بی کی ڈگری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے حاصل کی۔ وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔ تحقیقی مضامین، خاکہ نگاری، ڈرامہ نگاری اور تراجم کے علاوہ نظمیں اور غزلیں بھی کہیں۔ ان کی غزلیات کے مجموعے صدا، طرز دوام، نگاہ واپسیں، سرخی شام، سفر شام ہیں۔ کل ہند میر ایوارڈ، اقبال سمان، جیسے اعزازات سے آپ کو نوازا گیا۔ اختر سعید کی شاعری پر اردو غزل کی روایت کی فضا انسان دوستی اور جاذبیت کی گہری چھاپ ملتی ہے۔ ان کا انتقال 2006ء میں بھوپال میں ہوا۔

(iii) **محسن کاکوروی**

نام محمد محسن اور محسن تخلص شہر کاکوری (ضلع لکھنؤ) میں 1827ء میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی کی ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ منشی ہادی علی اشک اور امیر مینائی سے استفادہ کیا۔ محسن کاکوروی نے ابتدا میں غزلیں اور بعد میں نعت گوئی کی طرف مائل ہوئے۔ اور نعتیہ قصائد میں شہرت حاصل کی۔ ان کا کلام "کلیات محسن" کے نام سے شائع ہوا۔ ان کے نعتیہ قصائد میں تخیل کی پرواز، الفاظ کی شان و شوکت، تشبیہات اور استعارات بلندی اور تشبیب، گریز میں جدت ہے۔ ان کی وفات 1905ء میں ہوئی۔

جواب نمبر 14- شعری اصناف کی تعریف (کوئی ایک) 4

(i) **قصیدہ:-**

قصیدہ عربی کا لفظ ہے جس کے لغوی معنی "دل دار یا گاڑھا گودا" کے ہیں۔ قصیدہ "قصد" سے بنا ہے۔ جس سے مراد ارادہ کرنا ہے۔ اردو میں قصیدہ اس صنف سخن کو کہتے ہیں جس میں کسی کی مدح یا مذمت کی جائے غزل کی طرح قصیدہ کا پہلا شعر ہم قافیہ ہوتا ہے جو مطلع کہلاتا ہے بقیہ اشعار کے دوسرے مصرعے بھی ہم قافیہ ہوتے ہیں۔ قصیدے میں اشعار کی تعداد مقرر نہیں ہے۔ قصیدہ کی زبان پر شکوہ علمی اور بلند آہنگ ہوتی ہے۔ قصیدہ کے اجزائے ترکیبی- تشبیب، گریز، مدح، حسن طلب، دعا ہیں۔ قصیدہ کا مشہور شاعر- سودا، ذوق،

غالب، منیر شکوہ آبادی، نسیم دہلوی، محسن کاکوروی اور امیر مینائی وغیرہ ہیں۔

(II) **پیروڈی**

اردو شاعری کی ایک صنف پیروڈی بھی ہے۔ کسی مشہور ادبی تخلیق کی مزاحیہ انداز میں نقل اُتارنا پیروڈی کہلاتا ہے اس کا اصل مقصد فن پارے کی تحسین کرنا ہوتا ہے اردو اشعار میں پیروڈی کرتے ہوئے کسی مصرعہ ایک دو الفاظ کی تبدیلی سے مزاح کا حسن پیدا ہو جاتا ہے اور شعر کی لذت بھی باقی رہتی ہے۔

(III) **نظم**

"نظم" شاعری کی وہ شکل ہے جس میں کوئی قصہ، واقعہ کوئی تجربہ یا خیال، تسلسل کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ نظم کے معنی ترتیب و آرائش، یکجا کرنے کے ہیں۔ عام طور پر نظم کا ایک مرکزی خیال ہوتا ہے جس کے اردگرد پوری نظم کا تانا بانا بنا جاتا ہے۔ نظم کے لئے موضوعات کی کوئی قید نہیں ہے۔ ہیئت کے اعتبار سے نظم کی چار قسمیں ہیں۔

(1) پابند نظم (2) معرّا نظم (3) آزاد نظم (4) نثری نظم

نظم کے مشہور شاعر - اقبال، حالی، نظیر اکبرآبادی، فیض، جوش، میراجی، ن۔م۔ راشد، مخدوم، اختر الایمان، مجاز وغیرہ ہیں۔

جواب 15- بند کی تشریح 4

نوٹ:- بند کی تشریح عنوان اور شاعر کے نام کے حوالے سے کی جائے نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے۔ 4

شاعر کے نام حوالے پر۔ 1 نمبر

نظم کے عنوان پر۔ 1 نمبر

تشریح کرنے پر۔ 2 نمبر

**(الف)**

ماں ہے ریشم.......................................کام آئے گا۔

حوالہ:- شاعر کا نام - علی سردار جعفری

نظم کا نام - "تولالا"

تشریح:- سلیس اور آسان زبان میں ہو۔

مشکل الفاظ کے معنی کے ساتھ ہو۔

املا کی غلطی نہ ہو۔

**(ب)**

کبھی اوڑھنی کبھی آنچل.......................................منہ پہ آنچل

حوالہ:- شاعر کا نام - محسن کاکوروی

عنوان کا نام - مدیح خیر المرسلین (قصیدہ)

تشریح:- طلبا اپنی صلاحیت سے تشریح کریں گے مناسب تشریح کرنے پر نمبرات کی تقسیم اوپر دیے گئے طریقے سے کی جائے

جواب نمبر16- شاعر اس لیے خاموش ہے کیوں جب وہ بات کرتا ہے تو ہکلاتا ہے یعنی رُک رُک کر بولتا ہے۔ 2

یا

میراجی کے مجموعوں کے نام "میراجی کی نظمیں" "گیت ہی گیت" "پابند نظمیں" "تین رنگ" "کلیات میراجی" اور "رباعیات میراجی" وغیرہ مشہور ہیں۔

جواب نمبر17- شاعر ولی دکنی کے سینے کا خواب "پری جیسا خوبصورت چہرے والی چمکدار محبوبہ یا دوست" کھوئی ہے۔ 2

یا

جرمِ عصیاں کا مطلب ہے گناہوں کا سمندر یعنی گناہوں کی زیادتی ہونا ہے۔

جواب نمبر18- بادل اس بات سے انجان یا بے خبر ہیں کہ بارش کے انتظار میں اکثر درخت سوکھ جاتے ہیں اور بادل بارش کا انتظار کر رہے ہیں۔ 2

یا

بہادر شاہ ظفر کے انتقال کے بعد ان کا دیوان "کلیاتِ ظفر" کے نام سے شائع ہوا۔

جواب نمبر19- رام داس کے چاروں بیٹوں کا جھگڑا زمین کے سلسلے میں کسی شخص سے ہوا تھا۔ 2

یا

کربل کتھا کے مصنف کا نام شاہ فضل اللہ فضلی ہے یہ فارسی کی کتاب روضۃ الشہدا کا اردو ترجمہ ہے۔

جواب نمبر20- 4

خضر نے دیوار کی مرمت کرنے کی وجہ یہ بتائی کہ وہ دیوار کے نیچے دفینہ تھا۔ اور وہ دفینہ دو یتیم بچوں کا تھا ان کے والد بڑے نیک اور پرہیزگار تھے۔ اگر وہ دیوار گر جاتی تو وہ دونوں یتیم بچے اس دفینے سے محروم رہ جاتے وہ دفینہ دوسرے لوگ لے جاتے۔ دیوار مرمت کرنے سے یہ فائدہ ہوگا کہ جب بچے سمجھدار ہو جائیں گے تو دفینہ ان کو مل جائے گا۔

یا

اردو کی پہلی نثری تصنیف "خالق باری" کو کہا جاتا ہے جو امیر خسرو دہلوی کی تصنیف کردہ ہے مگر محققین کو اس میں شک ہے ان کی رائے ہے کہ امیر خسرو کی کتاب "خالق باری" سے پہلے خواجہ سید اشرف جہانگیر سمنانی نے ایک رسالہ اخلاق و تصوف سے متعلق تصنیف کیا تھا اور اردو نثر کا باقاعدہ آغاز اسی سے ہوتا ہے۔

جواب نمبر21- مصنفوں کی تعریف (کوئی ایک) 4

(i) تجنیس تام:- کلام میں دو ایسے الفاظ لانا جو بظاہر ایک جیسے ہوں۔ لیکن معنی کے اعتبار سے مختلف ہوں۔

مثلاً: ۔ پوچھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے
کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا

(ii) مجازِ مرسل:- جب کلام میں لفظ کو حقیقی معنی کے بجائے صرف مجازی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے اور اس کے حقیقی و مجازی معنوں میں تشبیہ نہیں ہوتا بلکہ کسی دوسرے طرح کا تعلق ہوتا ہے تو اسے مجازِ مرسل کہتے ہیں۔

مثلاً: "نالا بہہ رہا ہے"
ہانڈی پک گئی

ان مثالوں میں نالا سے مراد "پانی" اور ہانڈی سے مراد "سالن" ہے۔

جواب نمبر22- واحد جمع (کوئی پانچ) 5

| واحد | جمع |
|---|---|
| جسم | اجسام |
| طرف | اطراف |
| امام | ائمہ |
| شخص | اشخاص |
| قبر | قبور |
| زوج | ازواج |
| فن | فنون |
| ملک | ممالک |

یا

| | |
|---|---|
| سابقے | لاحقے |
| بدنام | شان دار |
| لاعلاج | دانش مند |
| بے جان | زندہ باد |
| خوب صورت | |

جواب نمبر23- خط یا درخواست میں نمبرات کی تقسیم اس طرح کی جائے گی۔

درخواست:- کل 5 نمبر

ابتدا (مخاطبہ) پر 1 نمبر